**Şarkiyat Mecmuası**
***Journal of Oriental Studies***

İSTANBUL UNIVERSITY PRESS

Şarkiyat Mecmuası - Journal of Oriental Studies 41, (2022): 441-451
DOI: 10.26650/jos.1160767

Araştırma Makalesi / *Research Article*

# سلطنت عثمانیہ اور مسلمانان ہند کے روابط میں تحریک خلافت کا کردار

# Osmanlı İmparatorluğu ve Hint Müslümanları İlişkilerinde Hilafet Hareketinin Rolü

# The Role of the Khilafat Movement in the Relationship Between the Ottoman Empire and the Muslims of India

Zekai KARDAŞ[1]

[1]İstanbul Üniversitesi, Edebiyat Fakültesi, Doğu Dilleri ve Edebiyatları Bölümü, Urdu Dili ve Edebiyatı Anabilim Dalı, İstanbul, Türkiye

ORCID: Z. K. 0000-0002-4934-3798

**Sorumlu yazar/Corresponding author:**
Zekai KARDAŞ (Doç. Dr.),
İstanbul Üniversitesi, Edebiyat Fakültesi, Doğu Dilleri ve Edebiyatları Bölümü, Urdu Dili ve Edebiyatı Anabilim Dalı, İstanbul, Türkiye
E-posta: kardas@istanbul.edu.tr

**Başvuru/Submitted:** 11.08.2022
**Revizyon Talebi/Revision Requested:** 14.08.2022
**Son Revizyon/Last Revision Received:** 12.09.2022
**Kabul/Accepted:** 13.09.2022

**Atıf/Citation:** Kardas, Zekai. "Osmanlı İmparatorluğu ve Hint Müslümanları İlişkilerinde Hilafet Hareketinin Rolü." *Şarkiyat Mecmuası - Journal of Oriental Studies 41* (2022), 441-451. https://doi.org/10.26650/jos.1160767

خلاصہ

سلطنت عثمانیہ میں خلافت کی منتقلی کے ساتھ، برصغیر پاک و ہند میں اور سلطنت عثمانیہ میں ایک غیر محسوس رشتہ ظاہر ہونا شروع ہوا اور ان کے درمیان تعلقات آہستہ آہستہ بڑھتے گئے۔ خاص طور پر برصغیر پاک و ہند میں انگریزوں کی حکومت شروع ہونے کے بعد، خطے کے مسلمانوں نے خلیفہ کو اپنے لیے ایک روحانی سہارا سمجھا، اس لیے انھوں نے سلطنت عثمانیہ اور خلیفہ کے ساتھ اپنی وفاداری بڑھا دی۔ انہوں نے بلقان کی جنگوں میں عثمانیوں کے ساتھ پیش آنے والے واقعات سے باخبر رکھا۔ انہوں نے ترکی کی مدد اور حمایت کے لیے ہر ممکن راستہ تلاش کرنے کی کوشش کی۔ سلطنت عثمانیہ کے ساتھ پہلی جنگ عظیم میں انگریزوں کے داخلے سے ہندوستانی مسلمانوں میں غم و غصہ پیدا ہوا۔ ہندوستانی مسلمانوں نے برطانوی حکومت کو دبانے اور خلافت عثمانیہ کے تحفظ کے لیے ہندوستانی تحریک خلافت شروع کی تھی۔ تحریک خلافت کے نتیجے میں تحریک ہجرت وجود میں آئی۔ ہندوستان کے سرکردہ مذہبی اور سیاسی رہنماؤں نے یہ نظریہ پیش کیا کہ ہندوستان جس پر انگریزوں کی حکومت تھی اب وہ جگہ نہیں رہی جہاں مسلمان اپنی مذہبی ذمہ داریاں پوری کر سکیں اور انہیں دوسری جگہوں پر ہجرت کرنی چاہیے۔

كلیدی الفاظ: عثمانی، انڈیا، خلافت، ہجرت۔

## ÖZ

16. Yüzyılın başlarında İslam Halifeliğinin Osmanlı İmparatorluğuna geçişiyle birlikte Hint-Alt kıtasında yaşayan Osmanlı İmparatorluğuna karşı sempati duymaya başlamışlardır. Özellikle İngilizlerin Hint Alt kıtasında hüküm sürmeye başlamalarından sonra Hint Müslümanları dini vazifelerini yerine getiremeyecekleri endişesiyle, kendilerini koruyacak makam olarak gördükleri Osmanlı Halifesine karşı bağlılıklarını güçlendirmiştir. Hindistan'ın İngilizlerin eline geçmesiyle iktidar ve devlet hizmetlerindeki görevlerinden dışlanarak sosyal ve siyasî açıdan geri bırakılan Hindistan Müslümanları, varlıklarını devam ettirme mücadelelerinde bir destek aramışlar ve gözlerini bu desteği bulabileceklerini düşündükleri Osmanlı hilâfetine çevirmişler, ancak destek umdukları bu merci zamanla güç duruma düşmüştür. Osmanlı İmparatorluğunun Balkan Savaşları sırasında sıkıntıya düşmesi Hint Müslümanlarının kaygılarının artmasına sebep olmuştur. Balkan Savaşları esnasında yaşananları yakından takip etmişler ve ellerine geçen her fırsatta Osmanlı İmparatorluğu'na yardım etmek için ianeler toplamışlardır. Ardından 1. Dünya savaşı esnasında İngilizlerin Osmanlı Devleti'yle

This work is licensed under Creative Commons Attribution-NonCommercial 4.0 International License

savaşa girmesi Hint Müslümanları arasında infiale sebep olmuştur. İngiliz hükümetini baskı altına almak ve Osmanlı Hilafetini korumak için Hint Müslümanları tarafından Hindistan Hilafet Hareketi başlatıldı. Hindistan Hilafet Hareketinin bir sonucu olarak Hicret Hareketi ortaya çıkmıştır. Hindistan'ın önde gelen dini ve siyasi liderleri Türklerle barışa yanaşmayan İngilizlerin yönettiği Hindistan'ın artık Müslümanların dini vecibelerini yerine getirebilecekleri bir yer olmaktan çıktığını başka yerlere göç etmeleri gerektiği fikrini ortaya atmışlardır.
**Anahtar kelimeler:** Osmanlı, Hindistan, Hilafet, Hicret

**ABSTRACT**
With the Ottoman Empire taking over the Caliphate at the beginning of 16th century, an intangible bond started to appear between the people of the Indian subcontinent, the majority of whom were Muslims, and the Ottoman Empire, and the relationships between them begun to increase gradually. After the Britain's dominance over India in particular, the Muslims of the subcontinent considered the Caliph as their *Maecenas* [generous patron], protector of the rights they'd gained by being Muslim, and the maintainer of their freedom to pray as Muslims. They kept track of the incidents would soon happen to the Ottomans in the Balkan Wars and tried to find every possible way to help and support the Turks. Britain's entry into World War I against the Ottoman Empire caused outrage among the Indian Muslims. The Indian *Khilafat* [Caliphate] Movement was initiated by Indian Muslims to suppress the British government and protect the Ottoman Caliphate. The Hijrat Movement emerged as a result of the Indian Caliphate Movement. The leading religious and political leaders of India put forward the ideas that India, which was ruled by the British, was no longer a place where Muslims could fulfill their religious obligations and that they should migrate to other places.
**Keywords:** Ottoman, India, Khilafat, Hijrat

## EXTENDED ABSTRACT

When the Ottoman Empire took hold of the Caliphate, a spiritual bond formed between the Muslim Indian people and the Ottoman Empire, and the relations between the two communities gradually increased. Particularly after the British began to rule the Indian subcontinent, the Muslims of the region perceived the Caliph as a spiritual power backing them.

By the end of the 1800s, the Turks' back-to-back defeats in the wars caused great anger among the Indian Muslims. Meetings were held all over India to support the Ottomans, and donations were collected to help their Turkish brothers.

When Britain did not keep its promises regarding not changing the conditions of the Ottoman Empire, the Caliph, and the Holy Lands in order to soften the Muslim response after World War I, the Muslims started the Indian *Khilafat* [Caliphate] Movement in December 1918 to put pressure on the British government and to protect the Ottoman Caliph. When the fact became clear that the British would not protect the Caliphate or the Holy Lands, Indian Muslim intellectuals announced their establishment of the Indian Khilafat Committee on November 14 in 1918.

The Khilafat Movement became a major popular movement in India, with massive demonstrations held throughout the country. The delegation went to London and participated in the peace agreements that had already begun there. However, the picture that emerged was that Istanbul was to be taken from the hands of the Turks. Realizing this, the Indian Muslims faced the fact that England would not help them in this matter.

The abolition of the Caliphate in Turkey in 1924 led to collapse of the Indian Khilafat Movement, and thus a new era was entered where tendencies toward independence intensified. Leaders such as Muhammed Ali Jinnah and Maulana Muhammed Ali started preparing a constitutional framework as the people expressing the quest for an independent homeland among Muslims.

Another issue that should be mentioned when talking about the Khilafat Movement is the Indian *Hijrat* [Migration] Movement. This occurred when thousands of people immigrated to Afghanistan with the thought that they could no longer live as Muslims in India.

The Hijrat Movement had emerged as a result of the Indian Khilafat Movement. The leading religious and political leaders of India, Maulana Abdul Bari and Maulana Abul Kalam Azad, put forward the idea that they should migrate to other places that can be considered *Dar al-Islam* [within the dominion of Islam]. In this regard, Abdul Bari and Kalam Azad also issued a fatwa. While these developments were taking place in India, the leader of Afghanistan, Emir Amanullah Khan, stated in public speech that he saw the plight of Indian Muslims and would accept them into Afghanistan if they were to migrate.

In a very short time, even just a few months, large groups of immigrants set out for Afghanistan without any preparation. They began to migrate, selling whatever they had for half price or even less. According to some sources, between 500,000 to 2 million immigrants are said to have migrated to Afghanistan.

For the Indian Muslims who'd come from their homeland, which they called *Dar al-Harb* [house of war], to Afghanistan for the religion of Islam and their Turkish brothers, this journey was truly a disaster. Many of the elderly, women, and children who'd set out by selling whatever they had in their hometown and lacked the necessities of travel, perished on the way. After spending days under extremely bad conditions in Afghanistan, they had to return to their homeland greatly disappointment. But when they returned, their homes were no longer their homes, nor were the fields their own any more.

Therefore, the Hijrat Movement that had occurred in the pages of history as a movement begun with religious motives and the basic desire to help their Turkish brothers had brought trouble to many families due to not being well planned.

## تعارف

ترکی اور جنوبی ایشیاء یعنی پاکستان، بھارت اور بنگلہ دیش کے درمیان سیاسی تعلقات کے قیام سے صدیوں قبل اس خطے میں ترکوں کی ہجرت شروع ہو گئی تھی۔[1] ترک اس خطے میں کبھی فاتح کے طور پر آئے، کبھی سیاست دان کے طور پر، کبھی تاجر کے طور پر اور کبھی قسمت آزمانے والوں کے طور پر آئے تھے۔ ترکوں کی برصغیر میں ہجرت کا سلسلہ، جو کشان خاندان سے شروع ہوا، اس نے محمود غزنوی کے حملوں کے ساتھ ساتھ اپنا رنگ روپ بدل لیا اور پھر ترک قوم اسلام کی علم بردار اور فدوی کی حیثیت سے فتوحات کرنے کی امنگ دل میں لئے ہندوستان میں آنے لگی[2] اور بعد کی صدیوں میں بھی ان کی فتوحات کی رفتار سرعت پکڑتی گئی تاوقتیکہ مغرب سے ایک نوآبادیادی طاقت برطانیہ نے پلاسی کی جنگ میں بابری افواج کو شکست دے کر اپنا قدم اس سرزمین میں جمایا[3]۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ترک ہندوستان فتوحات کرنے آئے مگر انھوں نے ایک سامراجی طاقت کے طور پر خطے میں تسلط قائم کرنے کی کوشش نہیں کی اور اس کے برعکس انھوں نے اپنے آپ کو اس خطے کے ڈھانچے میں ڈھال لیا اور وہ اس خطے کا اٹوٹ انگ بن گئے۔ اسی وجہ سے ترکوں سے وابستہ تمام عناصر، خواہ شاہ جہان کا تعمیر کردہ تاج محل ہو اور خواہ اردو زبان، جس کا نام ترکی لفظ «اوردو» یعنی» فوج» سے ماخوذ ہے، اور خواہ اس زبان کے ترک نژاد مشہور شاعر مرزا اسد اللہ خان غالب ہوں وہ سب اس خطے کے حقیقی ورثہ ہیں۔[4]

سلطنت عثمانیہ میں خلافت کی منتقلی کے ساتھ ہی مسلم ہندوستانی عوام اور سلطنت عثمانیہ کے درمیان ایک روحانی رشتہ قائم ہوا اور دونوں برادریوں کے درمیان تعلقات آہستہ آہستہ بڑھتے گئے۔ خاص طور پر برصغیر پاک و ہند میں انگریزوں کی حکومت شروع ہونے کے بعد خطے کے مسلمانوں نے خلیفہ کو اپنے لیے ایک روحانی سہارا سمجھا، اس لیے انھوں نے سلطنت عثمانیہ اور خلیفہ کے ساتھ اپنی وفاداری بڑھا دی۔ انھوں نے آخری ادوار میں سلطنت عثمانیہ کے حالات پر تشویش محسوس کی اور سلطنت عثمانیہ کی مدد کے لیے ہر ممکن طریقے سے کوشش کی۔ ہندوستانی عوام، جنھوں نے مسلم انڈین پریس کے ذریعے طرابلس، بلقان کی جنگوں اور پہلی جنگ عظیم کے دوران ہونے والی پیش رفت کو قریب سے مشاہدہ کیا اور سلطنت عثمانیہ کی مالی مدد کرنے کے لیے ملک بھر میں مہمات کا اہتمام کیا۔[5]

جیسا کہ سب کو معلوم ہے کہ ہندوستانی مسلمانوں کو، جن میں اس وقت آج کا پاکستان اور بنگلہ دیش میں رہنے والے مسلمان بھی شامل تھے، خلافت عثمانیہ اور اپنے ترک مذہبی بھائیوں سے دلی عقیدت اور ہمدردی تھی۔ ہندوستان کے انگریزوں کے ہاتھ میں جانے کے بعد، ہندوستانی مسلمانوں کو اقتدار اور ریاستی خدمات میں اپنی ذمہ داریوں سے خارج کر دیا گیا تھا اور اسی وجہ سے سماجی اور سیاسی طور پر مسلمان لوگ پیچھے رہ گئے تھے۔ اسی وجہ سے انھوں نیاپنے وجود کو برقرار رکھنے کی جدوجہد میں حمایت حاصل کرنے کی کوشش کی اور اپنی نظریں خلافت عثمانیہ کی طرف موڑ دیں۔ ان کا خیال تھا کہ انہیں یہ سہارا خلافت عثمانیہ سےمل سکتا ہے، لیکن جس پشت پناہی کی انہیں امید تھی اس کا حصول وقت کے ساتھ ساتھ مشکل ہوتا گیا۔ جب 1853 میں کریا جنگ شروع

---

1 Halil Toker ve Zekai Kardaş, *Journey of Friendship and Brotherhood*, (Lahore, Pakistan: Mavra Publishers 2021), 11.

2 Vincent A Smith, *The Oxford History of India*, (Oxford, England: Oxford University Press, 1958), 25.

3 Hikmet Bayur, Hindistan Tarihi, c.III, (Ankara: Türk Tarih Kurumu, 1987), 239.

4 Smith, *The Oxford History of India*, 32.

5 Azmi Ozcan, *Pan-Islamizm: Osmanlı Devleti Hindistan Müslümanları ve İngiltere (1877-1914)*, (Istanbul: TDV İslâm Araştırmaları Merkezi, 1992), 23-24.

ہوئی تو ہندوستانی مسلمان عثمانیوں کے بارے میں فکر مند ہوئے، اور کچھ علاقوں میں امداد کے لیے رقم جمع کی گئی۔[6] 1875 میں، ہرزیگوینا میں بغاوت شروع ہوئی، بلغاریوں نے 1876 میں بغاوت کی، اور اسی سال جون میں سرب اور مونٹی نیگریز نے بغاوت کی۔ 24 اپریل 1877 کو روس نے عثمانیوں کے خلاف اس بنیاد پر اعلان جنگ کر دیا کہ بلقان کی صورت حال سے اس کی سلامتی کو خطرہ لاحق ہے۔ عثمانی فوج کو شکست ہوئی اور 3 مارچ 1878 کو{ Yeşilköy } یشل کوئے معاہدے پر دستخط ہوئے اور یورپی ریاستوں کی مداخلت سے جولائی 1878 میں برلن معاہدے پر دستخط ہوئے۔ ترکوں کی ان پے در پے شکستوں کا ردعمل ہندوستانی مسلمانوں میں شدید غم و غصہ کی صورت ابھرا۔ عثمانیوں کی حمایت کے لیے ہندوستان بھر میں اجلاس منعقد کئے گئے، اور ان میں ترک بھائیوں تک پہنچانے کے لیے چندہ جمع کیا گیا۔ 17 اگست 1876 کے ایک مضمون میں جو اس وقت کے ایک مؤثر اردو اخبار میں شائع ہوا تھا، اس میں کہا گیا تھا کہ مسلمانوں پر واجب ہے کہ وہ ترکی کو اس مشکل صورتحال سے بچانے کے لیے ہر ممکن طریقے سے کوشش کریں۔ اس بات پر زور دیا گیا کہ اگر یہ سلطنت تباہ ہوگئی تو مسلمان اپنی اہمیت کھو دیں گے اور کوئی ان کا خیال نہیں کرے گا۔ زیر بحث مضمون کو اس بات کا اشارہ سمجھا جا سکتا ہے کہ ہندوستانی مسلمانوں نے سلطنت عثمانیہ کے وجود کے ساتھ اپنی شناخت کا تسلسل بنانا شروع کر دیا تھا۔[7]

1879 کی یونانی جنگ، 1881 میں تیونس کا فرانسیسیوں کے ساتھ الحاق، 1882 میں مصر کا انگریزوں سیا لحاق، 1894-1895 کے آرمینیائی واقعات میں عثمانیوں کے خلاف یورپ کے ردعمل اور دباؤ نے ہندوستانی مسلمانوں کی وفاداری کے جذبات کو اور زیادہ اُبھارا۔ 1911 میں طرابلس پر اطالوی حملے اور اس کے علاوہ 8 اکتوبر 1912 کو شروع ہونے والی بلقان جنگوں نے ہندوستان میں شدید غم و غصہ پیدا کیا۔

پہلی جنگ عظیم سے پہلے، ہندوستان میں عثمانی تعلقات کے حوالے سے سب سے اہم مطالعہ انجمن خدام کعبہ نامی کمیٹی نے کیا۔ اس انجمن کے بانیوں کا خیال تھا کہ سلطنت عثمانیہ پہلے ہی بہت سی مشکلات سے دوچار تھی اور اس لیے کمزور سے کمزور تر ہوتی جا رہی تھی۔ ایسی صورت میں مقدس سرزمین کی سلامتی خطرے میں پڑ جائے گی۔ وہ ممکنہ خطرے سے بچنے اور مقدس سرزمینوں کی حفاظت کے لیے ایک بحریہ تشکیل دینا اور جنگی سازوسامان فراہم کرنا چاہتی تھی۔ تاہم یہ انجمن، جو بعد میں تعلیمی سرگرمیوں میں شامل ہوگئی، اس نے سلطنت عثمانیہ کے فائدے کے لیے مشنری سرگرمیاں انجام دینا شروع کر دیں۔[8] عوام میں مختلف طبقوں کے بہت سیلوگوں نے کمیٹی کی سرگرمیوں میں حصہ لیا، جس نے ہندوستان میں بڑےپیمانے پر اجلاس کئے۔ ابوالکلام آزاد، جنہوں نے دہلی میں کونسل کے اجلاس میں شرکت کی، لوگوں سے یوں خطاب کیا: «ان دنوں اللہ کی حکومت اور لوگوں کی حکومت کے درمیان جنگ جاری ہے۔۔۔ شیطان کی بادشاہتیں کوشش کر رہی ہیں کہ اللہ کی حکومت کو اکھاڑ پھینکیں۔ یہ جدوجہد دنیا میں ہر جگہ میں ہے۔ اے سچے مومنو! آپ کس طرف ہوں گے؟ دجال اور شیاطین کے ساتھ؟ یا اللہ کے ساتھ؟»[9]

ان دنوں ابوالکلام آزاد اخبار الہلال کے ایڈیٹر تھے جو برطانوی حکومت پر تنقید کرنے کے لیے ایک ذریعہ کے طور پر استعمال ہوتا تھا اور مسلمانوں کو انگریزوں کی حکمرانی سے نجات دلانے کی کوشش کرتا تھا۔ ایک مرتبہ انہوں نے الہلال میں لکھا:

---

6 Naimur Rahman Farooqi, *Mughal-Ottoman relations: A Study of Political and Diplomatic Relations Between Mughal India and the Ottoman Empire, 1556-1748*, (Delhi, India: Idarah-i Adabiyat-i Delli,1989) 25.

7 Zekai Kardaş, *Indian Hijrat Movement on British Archieves*, (İstanbul: Demavend, 2016), 9-13.

8 Âbâdî, Abd-ur Rezzak Melih, *Âzâd Ki Kahânî Hud Âzâd Ki Zubânî*, (Lahore, Pakistan: Sang-e Meel, 2005), 75.

9 M. Naeem Qureshi, *Pan-Islam In British India*, (Oxford, England: Oxford University Press, 2009), 98.

"میرے دوست محمد علی(بی اے) نے گورنمنٹ سے پوچھا ہے کہ کیا ہمیں ترکوں کی مالی مدد کرنی چاہیے۔ میرا خیال ہے کہ اگر دنیا کے کسی حصے میں اسلام کے لیے خطرات پیش آئیں تو مسلمانوں کا فرض ہے کہ وہ اپنی جان و مال کو اسلام کی حفاظت میں خرچ کر دیں۔ اس کے لیے کسی گورنمنٹ کی اجازت درکار نہیں۔ مسلمان اپنے مذہبی معاملات میں خدا کے سوا کسی کی پروا نہیں کرتے ہیں۔"[10]

1913 میں، سلطنت عثمانیہ کی حکومت نے اپنے بہت سے شہریوں کو مختلف محرکات کے ساتھ ہندوستان بھیجا تھا تاکہ ان کے درمیان بھائی چارے کے رشتے کو مضبوط کیا جا سکے۔ اسی دوران عثمانیوں کی سرزمین میں جہان اسلام کے نام سے ایک اخبار نے ہندوستانی مسلمانوں اور ترکوں کے درمیان تعلقات کو مضبوط کرنے کے مشن کے ساتھ شائع کرنا شروع کیا۔

اسی دوران عثمانی سرزمین سے شائع ہونے والے اخبار جہان اسلام کے نام سے ایک اخبار نے ہندوستانی مسلمانوں اور ترکوں کے درمیان تعلقات کو مضبوط کرنے کے مشن کے ساتھ شائع کرنا شروع کیا۔ ۔ ترکی، عربی اور اردو میں شائع ہونے والا یہ اخبار باقاعدگی سے ہندوستانی پریس تنظیموں کو پہنچایا جاتا تھا، اس طرح رائے عامہ بنانے کی کوشش کی جاتی تھی۔ اس کوشش کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے بعد برطانوی حکومت نے جہان اسلام کے ہندوستان میں داخلے پر پابندی لگا دی۔ جب انگلینڈ نے محسوس کیا کہ وہ سلطنت عثمانیہ کے ساتھ جنگ کرے گا، تو اس نے غیر ملکی پریس سے آنے والی خبروں کو ملک میں داخل ہونے پر پابندی لگا دی۔ کیونکہ وہ سرکاری چینلز کے ذریعے خبریں پھیلاتے تھے، اس لیے خبریں عموماً انگریزوں کی تعریف کرتی تھیں۔ وہ ہندوستان بھر میں شروع کیے گئے شدید پروپیگنڈے کے ساتھ ہندوستانی عوام کو سلطنت عثمانیہ کے ساتھ ممکنہ جنگ کے لیے تیار کر رہے تھے۔ جب یہ واضح ہو گیا کہ سلطنت عثمانیہ جرمنی کا ساتھ دے گی اور جنگ میں داخل ہو جائے گی تو ایک ایسا واقعہ رونما ہوا جو ہندوستان کے مسلمان نہیں چاہتے تھے۔ تاہم، درمیان میں موجود ہندوستانی مسلمانوں کی ممکنہ بغاوت کو روکنے کے لیے انگریزوں نے جو پروپیگنڈہ شروع کیا تھا، اس کے نتائج برآمد ہوتے دکھائی دے رہے تھے۔ ان پروپیگنڈوں میں عوام میں یہ خبر پھیل گئی کہ اس جنگ میں کوئی مذہبی مواد نہیں ہے اور برطانیہ کو روس اور اٹلی کی طرف سے یہ یقین دہانیاں ملی ہیں کہ اس جنگ میں مقدس سرزمین پر کوئی حملہ نہیں کیا جائے گا۔ اس کے نتیجے میں ہندوستانی مسلمانوں کو کچھ سکون ملا۔ پریس میں لائی جانے والی سنسر شپ کی وجہ سے عثمانی شیخ الاسلام اور خلیفہ کی طرف سے جہاد اکبر اور جہادِ مقدّس کے مطالبات عوام تک کافی حد تک نہیں پہنچ سکے اور بے اثر رہے۔ پھر بھی، کچھ پیش رفت ہوئی، مثال کے طور پر، مکہ میں تقریباً 700 ہندوستانی جنگ میں عثمانیوں کی حمایت کے لیے عثمانی فوجوں میں شامل ہوئے۔ لاہور اور پشاور سے طلبہ کا ایک گروپ ترکی گیا۔ دیوبندی برادری کے علماء کا ایک گروپ ہندوستان میں بغاوت شروع کرنے کی سرگرمیوں میں شامل تھا۔ ان تحریکوں میں سب سے نمایاں یہ تھی کہ ہندوستانی عوام نے خفیہ طور پر پیسہ اکٹھا کیا اور عثمانیوں کی مدد کی۔[11]

1914 میں شروع ہونے والی پہلی جنگ عظیم میں عثمانیوں کی شرکت نے ہندوستانی مسلمانوں کو ایک بڑے مخمصے میں ڈال دیا۔ خلافت عثمانیہ، جس سے وہ روحانی طور پر وابستہ تھے، اور برطانوی حکومت کی طرف سے چھیڑی جانے والی جنگ، جس کی اطاعت انہیں اپنے حکمرانوں کے طور پر کرنی پڑتی تھی، انہیں انتہائی بے چین کر رہی تھی۔ جنگ میں داخل ہونے کے

10 Abul Kalam Azad, *Muasiri-i Dehli Aur Mukhabara-e Talgraphi*, (Calcutta, India: Al-Hilal Newspaper, 6 December 1912), I-354.

11 Qureshi, *Pan-Islam In British India*, 25-26.

بعد عثمانیوں کے جہاد کے اعلان نے برطانوی حکومت کے لیے صورتحال کو مزید مشکل بنا دیا۔[12]

اعلانِ جہاد کے مسلمانوں پر پڑنے والے اثرات دور کرنے کے لیے برطانوی حکومت کی طرف سے جاری کردہ ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ ''ہندوستانی مسلمانوں کو یہ یقین دلانے کی ضرورت ہے کہ ہم اور ہمارے اتحادی ان کے مذہبی جذبات اور افکار کو نقصان پہنچانے کے لیے کچھ نہیں کریں گے۔ اسلام کے مقدسات کی توہین نہیں کی جائے گی اور ان کے احترام کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ اسلام کے مقدس سرمائے پر کوئی حملہ نہیں کیا جائے گا۔ ہم جرمنی کے زیر اثر صرف ترک وزیروں سے لڑ رہے ہیں، مسلمانوں کے خلیفہ سے نہیں۔ برطانوی حکومت نہ صرف اپنی طرف سے بلکہ اپنے تمام اتحادیوں کی طرف سے بھی ان الفاظ کی ذمہ داری لیتی ہے۔ اس یقین دہانی کے باوجود ہندوستانی مسلمانوں کے درمیان کئی لوگ جہاد میں حصہ لینے کے لئے نکلے تھے اور ہر طرح کی مدد کرنے کی کوشش کی تھی۔[13]

نومبر 1918 میں جنگ کے خاتمے کے ساتھ ہی برطانوی حکومت نے جنگ کے دوران ہندوستانی مسلمانوں کو اپنی طرف متوجہ کرنے کے لیے اپنے تمام وعدوں کو پس پشت ڈال دیا اور 30 اکتوبر 1918 کو دستخط ہوئی مندروس کی جنگ بندی کے مطابق ترکوں کو توڑنے کا سلسلہ شروع کر دیا۔ مئی 1919 میں جیسے ہی یونانیوں کی ازمیر جاکر اناطولیہ میں پیش قدمی اور مسلمانوں کے خلاف کیے گئے قتل عام کی خبر ہندوستان پہنچی تو ہندوستانی مسلمانوں میں غم اور بے چینی کی لہر دوڑ گئی۔ حقیقت یہ ہے کہ استنبول Entente طاقتوں کے کنٹرول میں تھا، صورتحال کی سنگینی میں مزید اضافہ ہوا۔ ہندوستانی مسلمانوں نے ان حملوں پر اپنا ردعمل ظاہر کرنے میں دیر نہیں کی اور جنوری، مئی اور جون 1919 میں انگلستان میں رہنے والے ہندوستانی مسلمانوں نے حکومت کو درخواستیں جمع کرائیں جس میں مطالبہ کیا گیا کہ ترکوں کے ساتھ انصاف کیا جائے۔[14]

ہندوستانی تحریک خلافت

جب برطانیہ نے اپنے وعدوں پر عمل نہ کیا کہ سلطنت عثمانیہ، خلیفہ اور مقدس سرزمین کے حالات میں کوئی تبدیلی نہیں کی جائے گی تاکہ پہلی جنگ عظیم کے دوران مسلمانوں کے ردعمل کو نرم کیا جا سکے، تو مسلمانوں نے ہندوؤں کی حمایت سے برطانوی حکومت پر دباؤ ڈالنے اور عثمانی خلیفہ کے تحفظ کے لیے ہندوستان میں دسمبر 1918 کو تحریک خلافت شروع کی۔ جب یہ واضح ہوگیا کہ انگریز خلافت اور مقدس سرزمین کی حفاظت نہیں کریں گے تو ہندوستانی مسلمان دانشوروں نے اعلان کیا کہ انہوں نے خلافت کے تحفظ اور اس کے تسلسل کو یقینی بنانے کے لیے 14 نومبر 1919 کو مولانا محمد علی جوہر کے ذریعہ ہندوستانی خلافت کمیٹی قائم کی تھی۔ اس کے فوراً بعد، جیسا کہ محمد علی کے بھائی شوکت علی، ابوالکلام آزاد، سیٹھ چھوٹانی، شیخ شوکت علی صدیقی، ڈاکٹر مختار احمد انصاری، حسرت موہانی، حکیم اجمل خان، اس دور کی مشہور شخصیات نے بھی اس تحریک میں شمولیت اختیار کی۔[15] یہ کمیٹی لکھنو میں قائم کی گئی تھی اور سیٹھ چھوٹانی کو اس کا چیئرمین مقرر کیا گیا تھا۔ مسلمانوں میں سیاسی اتحاد فراہم کرکے خلیفہ کی حفاظت کا فیصلہ کیا گیا۔ 1920 میں خلافت کا منشور شائع ہوا اور انگریزوں سے کہا گیا کہ وہ خلیفہ کی حفاظت کو یقینی بنائیں۔ اس منشور کے ساتھ اس بات پر زور دیا گیا کہ استنبول کو ترکوں کے لیے چھوڑ دیا جائے، ہندوستانی مندوبین کی امن کانفرنسوں میں شرکت کی جائے،

12 Qureshi, *Pan-Islam In British India,* 35.
13 Qureshi, *Pan-Islam In British India,* 40.
14 Kardaş, *Indian Hijrat Movement on British Archieves*. 20
15 Lal Baha, "The Hijrat Movement and The North-West Frontier Province", *Islamic Studies*, 18/3 (Autumn 1979), 231-242.

اور خلافت کے مذہبی سیاسی حقوق کا تحفظ کیا جائے۔ ساتھ ہی مسلم عوام کو بتایا گیا کہ یہ امن فراہم کرنے کے ذمہ دار انگریز ہیں۔ بھارتی عوام کی آواز کو دنیا تک پہنچانے کے لیے محمد علی کی سربراہی میں ایک وفد لندن بھیجنے کا فیصلہ کیا گیا۔ پھر تحریک خلافت ہندوستان کی ایک بڑی عوامی تحریک بن گئی۔ گاندھی کی حمایت سے ملک بھر میں زبردست مظاہرے ہوئے۔ وفد جو کہ لندن گیا تھا، وہاں پہلے سے شروع ہونے والے امن معاہدوں میں شریک ہوا۔ تاہم یہاں جو تصویر سامنے آئی وہ یہ تھی کہ استنبول ترکوں کے ہاتھوں سے چھین لیا گیا تھا۔ اس کا احساس کرتے ہوئے ہندوستانی مسلمانوں کو اس حقیقت کا سامنا کرنا پڑا کہ انگلستان اس معاملے میں ان کی مدد نہیں کرے گا۔ 1920 میں، خلافت کمیٹی اور گاندھی کی قیادت میں انڈین نیشنل کانگریس پارٹی، جو اس وقت کی سب سے بڑی قومی تشکیل تھی، اس نے تعاون کرنے کا فیصلہ کیا۔ اس تعاون کی بدولت ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان ہم آہنگی پیدا ہوئی۔ گاندھی کی طرف سے شروع کی گئی انگریزوں کے ساتھ عدم تعاون کی تحریک نے زور پکڑا۔ دریں اثنا، سماجی تنازعات پھر شدت اختیار کر گئے۔

1924 میں ترکی میں خلافت کا خاتمہ ہندوستانی تحریک خلافت کا خاتمہ اور آزادی کے لیے ہندو مسلم تعاون کے خاتمے کا باعث بنا، اس طرح آزادی کے رجحانات بڑھنے کیا یک نئے دور کا آغاز ہوا۔ قائدین جیسے محمد علی جناح اور مولانا محمد علی نے ایک آزاد وطن کی تلاش میں آئینی ڈھانچے کی تیاری کا آغاز کیا۔

ہندوستانی تحریک ہجرت

پہلی جنگ عظیم کے اختتام پر اسلامی خلافت رکھنے والی سلطنت عثمانیہ کی شکست پر ہندوستان کے مسلمان جو انگریزوں کی سرپرستی میں تھے انہیں غم اور پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔

1919 میں، ہجرت کے اختیار پر سب سے پہلے علی برادران نے وائسرائے کے ساتھ بحث کی جب کہ ان کی مداخلت:

> ''جب کوئی سرزمین اسلام کے لیے محفوظ نہ ہو تو مسلمان کے پاس دو ہی متبادل ہوتے ہیں، جہاد یا ہجرت۔ کہنے کا مطلب یہ ہے کہ یا تو اسے خدا کی طرف سے دی گئی ہر طاقت کو زمین کی آزادی اور اسلام کی تبلیغ و تبلیغ کے لیے کامل آزادی کو یقینی بنانے کے لیے استعمال کرنا چاہیے، یا اسے کسی اور آزاد سرزمین کی طرف ہجرت کرنا ہوگی۔ جب اسلام کے لیے ایک بار پھر محفوظ ہو جائے تو اس کی طرف رجوع کرنا۔۔۔ ہماری کمزور حالت کے پیش نظر ہجرت ہی ہمارے لیے واحد متبادل ہے۔۔۔ یہ قدم جس پر اب ہمیں پوری سنجیدگی کے ساتھ غور کرنا ہو گا کہ اس کی فطرت ہے۔ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجرت کے بعد سے ہماری برادری کی تاریخ میں شاید سب سے زیادہ فیصلہ کن مطالبات ہوں گے۔''[16]

ہندوستانی تحریک ہجرت، تحریک خلافت کے نتیجے میں ابھری۔ جب سلطنتِ عثمانیہ نے انگریزوں کے ساتھ جنگ کی تو ہندوستانی مسلمانوں کو بہت پریشانی کا سامنا کرنا پڑا، جو اپنے مذہبی عقائد کی وجہ سے خلافتِ اسلامیہ سے وابستہ تھے، اور دوسری طرف سے وہ لوگ انگریزوں کے زیرِ تسلط بھی تھے۔ ہندوستان کے سرکردہ مذہبی اور سیاسی رہنماؤں میں سے دو، مولانا عبدالباری اور مولانا ابوالکلام آزاد کا موقف تھا کہ «دار الحرب» کا اعلان کیا جانا چاہیے کیونکہ ہندوستان میں مذہبی ذمہ داریاں پوری نہیں کی جا سکتی تھیں۔ انہوں نے یہ خیال پیش کیا کہ انہیں دوسری جگہوں کی طرف ہجرت کرنی چاہیے جنہیں «دار الاسلام» کہا جا سکتا ہے۔ اس سلسلے میں عبدالباری اور کلام آزاد نے فتویٰ بھی جاری کیا۔ جب یہ پیش رفت ہندوستان میں ہو رہی تھی، افغانستان کے رہنما امیر امان اللہ خان نے اپنے والد کے جنازے کے موقع پر کی گئی تقریر میں کہا کہ میں نے ہندوستانی مسلمانوں کی حالت

16 Kardaş, *Indian Hijrat Movement on British Archieves*, 9.

دیکھی ہے اور اگر وہ ہجرت کر جائیں تو وہ انہیں افغانستان میں قبول کر لیں گے۔[17]

اس دعوت کا جواب آنے میں دیر نہ لگی۔ ہزاروں افراد نے، جن میں زیادہ تر پنجاب، سندھ اور سرحدی صوبے سے ہیں، افغانستان ہجرت کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس موقع پر اپریل 1920ء میں دہلی میں حدم المہاجرین کے نام سے ہجرت کمیشن قائم کیا گیا۔ 26 اپریل 1920 کو اس ہجرت کمیشن کی طرف سے برطانوی گورنر کو بھیجے گئے ٹیلیگرام سے ظاہر ہوا کہ افغانستان میں ہجرت کرنے کی خواہش کتنی گہری تھی:

«یہ واضح ہے کہ ہم برطانوی راج کے تحت اپنی زندگی سکون سے نہیں گزار سکیں گے، کیونکہ ہمارے مذہبی عقائد پر عمل کرنے کا کوئی موقع نہیں ہے۔ اگرچہ ہمیں دکھ ہے لیکن ہم نے امن کے نام پر اس ملک کو چھوڑنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ہمیں امید ہے کہ آپ کی حکومت اس فیصلے کی مخالفت نہیں کرے گی اور ہمیں بغیر کسی پریشانی کے افغانستان ہجرت کرنے کی اجازت دے گی۔

افغانستان، وہ خطہ جہاں ہندوستانی مسلمان ہجرت کرنا چاہتے تھے، کئی طریقوں سے مناسب معلوم ہوا تھا۔ اپنے ملکوں کے پڑوسی ہونے، ایک جیسی ثقافت کا اشتراک اور صرف اسلامی قوانین کے تحت زندگی گزارنے کے خیال نے افغانستان کو پرکشش بنا دیا۔

مئی کے آغاز میں، لاہور میں ایک پھل فروش عبدالکریم پشاور میں تحریک ہجرت کے بارے میں کتابچہ عام لوگوں کو دیتے ہوئے پکڑا گیا۔ بھارتی دفاعی قوانین کے مطابق اسے ریاست سے باہر نکالا گیا تھا۔ اس پیش رفت پر، مشہور ہندوستانی قوم پرستوں میں سے ایک، غلام محمد عزیز نے، جب وہ 14 مئی 1920 کو مسجد قاسم علی شاہ میں نماز جمعہ کے دوران، عوام سے اپنی تقریر میں، ہجرت کے لیے جمع ہونے اور اقدام کرنے پر زور دیا۔ بعد ازاں، غلام محمد عزیز تحریک ہجرت کو منظم کرنے کے لیے پشاور آئے اور یہاں ہجرت کمیٹی قائم کی۔ اس کمیٹی کا مقصد ان تارکین وطن کو رہنمائی اور مدد فراہم کرنا تھا۔[18]

ہجرت کمیٹی کا قیام تقریباً خلافت کمیٹی کے قیام سے مطابقت رکھتا ہے۔ ہجرت کمیٹی کا انتظام خواجہ جان محمد نے کیا تھا۔ اس کمیٹی میں پشاور کے سرکردہ شہریوں کے بہت سے لوگ شامل ہوئے۔ کمیٹی کے چند نمایاں ارکان یہ ہیں: آغا سید مقبول شاہ، مولوی عبدالکریم، مولوی عبدالغفور، مرزا محمد سلیم خان، منشی عبدالکریم، یوسف علی حان، حکیم قطب شاہ، علی گل خان، آغا لال بادشاہ۔ اس کمیٹی کا پہلا کام تحریک ہجرت کا اعلان کرنے کے لیے چندہ اکٹھا کرنے کی سرگرمیاں شروع کرنا تھا۔[19]

اسی دوران کچھ تارکین وطن روانہ ہونے لگے۔ صوبہ پنجاب سے پہلا قافلہ 17 مئی کو کابل کے لیے پشاور پہنچا۔ یہاں، ہجرت کمیٹی کے سربراہ، خواجہ جان محمد ایک دفتر میں افغانستان جانے والے تارکین وطن کے پاسپورٹ کے معاملات سنبھال رہا تھا۔

اس دوران لوگوں میں یہ افواہیں گردش کرنے لگیں کہ برطانوی فوجیوں نے مسلمانوں کے مقدس مقامات جیسے مکہ اور مدینہ پر قبضہ کر لیا ہے، کہ حکومت لوگوں کی آدھی جائیداد ضبط کر لے گی اور دیہات میں عورتوں پر ظلم کرے گی۔ ان افواہوں سے عوام کا غصہ بڑھ گیا۔ دریں اثنا، ملک بھر میں زیادہ تر مذہبی رہنما ہجرت کی ضرورت پر بات کر رہے تھے۔ اب تحریک ہجرت ایک بغاوت میں تبدیل ہو چکی تھی۔

بہت کم وقت میں، جیسے کہ چند مہینوں میں، تارکین وطن کے بڑے گروہ بغیر کسی تیاری کے افغانستان کے لیے روانہ ہو گئے۔ انہوں نے، جو کچھ ان کے پاس تھا اسے آدھی یا اس سے بھی کم قیمت پر بیچ کر نقل مکانی شروع کر دی۔ بعض ذرائع کے

17 Halil Toker, “Hindistan Hicret Hareketi”, *Divan İlmi Araştırmalar Dergisi*, 17/2 (2004), 158.
18 Kardaş, *Indian Hijrat Movement on British Archieves*, 30.
19 Qazi Muhammad Adil Abbasi, *Tehreek-e Khilafat*, (Lahore: Jomhoori Publications, 2009), 118.

مطابق 500 ہزار سے 20 لاکھ کے درمیان تارکین وطن نے افغانستان منتقل ہونے کا ذکر کیا جاتا ہے۔
تاہم، صورت حال اتنی خوش آیند نہیں تھی۔ جب افغانستان نے تارکین وطن کی تعداد میں اضافہ دیکھا تو اس نے معاشی وجوہات کی بنا پر اپنی سرحدیں بند کر دیں اور جنہیں وہ پہلے ہی قبول کر چکا تھا ان لوگوں کو بھی مناسب پناہ نہیں دے سکا۔ بہت سے پناہ گزینوں نے افغان سرحدی علاقوں میں مصائب میں رہنے کے بجائے ہندوستان واپس جانے کا انتخاب کیا۔[20]

نتیجہ:

یہ سفر ایک مکمل تباہی کا باعث ہوا تھا۔ بوڑھے، عورتیں اور بچے، ان میں سے کچھ جو اپنے آبائی شہر، گاوں، کھیت کھلیان میں جو کچھ تھا بیچ کر بے سروسامان نکلے تھے، وہ راستے میں ہی ہلاک ہو گئے۔ افغانستان میں انتہائی برے حالات میں گزارے گئے دنوں کے بعد انہیں انتہائی مایوسی کے ساتھ اپنے وطن واپس لوٹنا پڑا۔ لیکن جب وہ واپس آئے تو نہ ان کا گھر تھا اور نہ ہی ان کے کھیت اپنے کھیت تھے۔
لہذا، تحریک ہجرت نے تاریخ کے اوراق میں ایک ایسی تحریک کے طور پر جگہ بنا لی ہے جو مذہبی جذبات اور بنیادی سطح پر اپنے ترک بھائیوں کی مدد کرنے کی خواہش کے ساتھ شروع ہوئی تھی، لیکن اس کی منصوبہ بندی اچھی طرح سے نہیں کی گئی تھی، جس سے بہت سے خاندانوں کو تکلیف ہوئی۔
نتیجتاً تحریک خلافت عثمانی خلافت کو برقرار رکھنے میں کامیاب نہ ہو سکی۔ تاہم، ہندوستان کی تاریخ پر اس کے کئی دور رس نتائج مرتب ہوئے:
مثال کے طور پر:
* مسلمانوں کے متحد ہونے اور عمل کرنے کی طاقت ہندوستان میں ثابت ہو چکی تھی۔
* انگریزوں کو اس صورت حال سے یہ اندازہ ہو گیا کہ ہندوستانی مسلمانوں کے لیے مذہبی اقدار اور آزادی کس درجہ اہم ہیں۔
* اس تحریک نے ہندوستان کی تحریک آزادی کو متاثر کیا جس کا آغاز عنقریب ہونے والا تھا۔
* یہ تحریک ایک شعور کی تشکیل کا سبب بنی جو انگریزوں کو ہندوستان چھوڑنے پر مجبور کرنے والے عناصر میں سے ایک تھا۔

**Hakem Değerlendirmesi:** Dış bağımsız.
**Çıkar Çatışması:** Yazar çıkar çatışması bildirmemiştir.
**Finansal Destek:** Yazar bu çalışma için finansal destek almadığını beyan etmiştir.

**Peer-review:** Externally peer-reviewed.
**Conflict of Interest:** The author has no conflict of interest to declare.
**Grant Support:** The author declared that this study has received no financial support.

## Kaynakça/References

Âbâdî, Abd-ur Rezzak Melih. *Âzâd Ki Kahânî Hud Âzâd Ki Zubânî*. (Lahore: Sang-e Meel, 2005).

Bayur, Hikmet. *Hindistan Tarihi*. c. III. (Ankara: Türk Tarih Kurumu Basımevi, 1987).

20 Dietrikh Reez, *Hijrat: The Flight of the Faithful A British File on the Exodus of Muslim Peasants from North lndia to Afghanistan in 1920*, (Berlin, Germany: Verlag Das Arabische Buch, 1995), 35.

Farooqi, Naimur Rahman. *Mughal-Ottoman relations: A Study of Political and Diplomatic Relations Between Mughal India and the Ottoman Empire 1556-1748.* (Delhi, India: Idarah-i Adabiyat-i Delli,1989).

Lal Baha. "The Hijrat Movement and The North-West Frontier Province". *Islamic Studies.* 18/3 (Autumn 1979).

M. Naeem Qureshi. *Pan-Islam In British India*. (Oxford, England: Oxford University Press, 2009).

Özcan, Azmi. *Pan-İslâmizm-Osmanlı Devleti, Hindistan Müslümanları ve İngiltere (1877-1924).* (Ankara: Türkiye Diyanet Vakfı Yayınları, 1997).

Dietrikh, Reez. *Hijrat: The Flight of the Faithful A British File on the Exodus of Muslim Peasants from North lndia to Afghanistan in 1920.* (Berlin, Germany: Verlag Das Arabische Buch, 1995).

Qazi Muhammad, Adil Abbasi. *Tehreek-e Khilafat*. (Lahore: Jomhoori Publications, 2009).

Smith, Vincent A. *The Oxford History of India*. (Oxford, England: Oxford University Press, 1958).

Toker, Halil. "Hindistan Hicret Hareketi". *Divan İlmi Araştırmalar Dergisi*. 17 (2004): 147-162.

Toker, Halil ve Zekai Kardaş. *Journey of Friendship and Brotherhood*. (Lahore, Pakistan: Mavra Publishers, 2021).